**24.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........شگفتہ یاسمین

**Music**

---

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ کئی ملکوں کے ساتھ تجارت اور موبیلٹی سے متعلق معاہدوں سے بھارتی نوجوانوں کیلئے بے شمار مواقع پیدا ہوں گے۔

☆ وزیر اعظم کل دن میں 11 بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

☆ یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen بھارت–ای یو کلیدی شراکت داری کو مستحکم کرنے کی خاطر نئی دلّی پہنچ گئی ہیں۔ وہ یومِ جمہوریہ پریڈ میں مہمانِ خصوصی بھی ہوں گی۔

☆ انتخابی کمیشن کل ووٹروں کا قومی دن منائے گا۔ چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ درست ووٹر فہرستیں جمہوریت کی بنیاد ہیں۔

☆ آسٹریلیائی اوپن ٹینس میں بھارت کے یوکی بھامبری اور سوئیڈن کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Andre Goransson مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ اور زمبابوے کے Bulawayo میں، مردوں کے اَنڈر– 19عالمی کپ میں گروپ مرحلے کے اپنے تیسرے اور آخری میچ میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 7وکٹ سے ہرا دیا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Rozgar Mela**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت، ملک کے اندر اور بیرون ملک نوجوانوں کیلئے نئے مواقع پیدا کرنے کی کوششیں کر رہی ہے۔ آج نئی دلّی میں ورچوئل وسیلے سے 18ویں قومی روزگار میلے سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، کئی ملکوں کے ساتھ تجارت اور موبیلٹی کے شعبے میں سمجھوتے کر رہا ہے۔ اِس سے ملک کے ہنر مند نوجوانوں کیلئے بے شمار مواقع فراہم ہوں گے۔ جناب مودی نے کہا کہ آج کے اِس اہم دن پر 60ہزار سے زیادہ نوجوان، سرکاری نوکریوں کیلئے تقرر نامے حاصل کرکے اپنی زندگی کا ایک نیا باب شروع کر رہے ہیں۔

**S/B: PM Modi on Youth**

ملک کی مضبوط معیشت کو اجاگر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت، دنیا کی واحد معیشت ہے، جس نے ایک دہائی کے اندر اپنی مجموعی گھریلو پیداوار GDP کو دو گنا کیا ہے۔

**S/B: PM Modi FDI**

وزیر اعظم نے مزید کہا کہ بھارت، ایک بڑی مینوفیکچرنگ طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے، جہاں الیکٹرانکس، دوا سازی اور ویکسین، دفاع اور آٹو موبائل جیسے شعبوں میں پیداوار اور برآمدات میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی کل دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر اپنے پروگرام ''من کی بات'' میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 130واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، AIR نیوز کی ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔ اِسے AIR نیوز، ڈی ڈی نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہِ راست سنا جاسکے گا۔ ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اِس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔x

## EU Urshula

یوروپی کمیشن کی صدر Ursula von der Leyen بھارت کے سرکاری دورے پر آج سہ پہر نئی دلّی پہنچیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ ان کے اِس دورے کے دوران بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کے اگلے مرحلے کا جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان شراکت داری باہمی اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی ہے۔ وہ پیر کے روز یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں یوروپی کونسل کے صدر Antonio Luis Santos da Costa کے ہمراہ بطور مہمانِ خصوصی شریک ہوں گی۔ دونوں رہنما اِس مہینے کی 27 تاریخ کو ہونے والی 16ویں بھارت–یوروپی یونین سربراہ کانفرنس کی مشترکہ صدارت بھی کریں گے۔x

## Republic Day Special Guests

نئی دلّی میں کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ پریڈ 2026 کے موقعے پر پی ایم وشوکرما اسکیم، Self Reliant (SRI India) فنڈ کے مستفیدین اور کھادی وکاس یوجنا کے تحت شامل فنکاروں کو مہمانانِ خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔

اس موقع پر Mahila Coir Yojana کے تحت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی خواتین فنکاروں کو بھی مہمانِ خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔ تمام اسکیموں اور پہل قدمیوں سے وابستہ کُل 399 مستفیدین یومِ جمہوریہ کی تقریبات میں شرکت کریں گے۔x

## Rajnath NCC

وزیرِ دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ دنیا غیر یقینی حالات کے دور سے گزر رہی ہے، ایسے میں نوجوانوں کو جسمانی، ذہنی اور جذباتی طور پر مضبوط رہنا چاہیے اور ہر چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لیے پوری طرح مستعد رہنا چاہیے۔

آج دلّی کینٹ میں NCC یومِ جمہوریہ کیمپ کے کیڈٹس سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ NCC کے اُن بہادر اور فرض شناس کیڈٹس سے تحریک حاصل کریں جنہوں نے آپریشن سندور کے دوران ملک بھر میں کیے گئے ماک ڈرلز کے وقت عوامی بیداری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیرِ دفاع نے کہا کہ بھارتی مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر میں موجود دہشت گردوں کو تباہ کیا۔

یہ پہلگام میں ہونے والے افسوسناک اور بزدلانہ دہشت گردانہ حملے کے خلاف مؤثر کارروائی تھی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوجیوں نے بہادری اور تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے صرف انہی عناصر کو نشانہ بنایا اور اُن کے ٹھکانوں کو تباہ کیا جنہوں نے بھارت کو نقصان پہنچایا۔ x

## Shah UP Day

امور داخلہ اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے آج کہا کہ اتر پردیش نہ صرف ملک کی روح ہے بلکہ وکست بھارت کا ترقیاتی انجن بھی بننے جا رہا ہے۔

جناب شاہ نے یہ بات، آج سہ پہر لکھنؤ میں منعقدہ اترپردیش کے یومِ تاسیس کی تقریبات میں بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ اب اترپردیش، ملک کی چوتھی سب سے بڑی معیشت بن چکا ہے، جس کا اناج کے کُل ذخیرے میں 20 فیصد حصہ ہے اور ملک میں غذائی اجناس کا اہم مرکز بن چکا ہے۔

**S/B: Amit Shah Food**

جناب شاہ نے کہا کہ ریاست اپنے وسیع MSME شعبے کے ذریعے آتم نربھر بھارت ابھیان کو فروغ دے رہی ہے۔

**S/B: Amit Shah Vikasit Bharat**

اس موقع پر وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ ریاست اپنا 77واں یومِ تاسیس منا رہی ہے۔ اِس طرح کے پروگرام نہ صرف ریاست کے ہر ضلع میں بلکہ مختلف ممالک میں بھی منعقد کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی اسکیم، 'ایک ضلع، ایک پکوان' اتر پردیش کا ایک برانڈ بنے گی۔ x

## ECI Voter Day

بھارتی انتخابی کمیشن کَل نئی دلّی میں ووٹروں کا 16واں قومی دن منائے گا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو تقریبات کی مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے صدارت کریں گی۔ اِس سال ووٹروں کے قومی دن کا موضوع ہے ''میرا بھارت، میرا ووٹ''۔ تقریبات کے دوران صدر جمہوریہ نئے اندراج کئے گئے نوجوان ووٹروں کو الیکٹرس فوٹو Identity کارڈ سونپیں

گی۔ اِس تقریب میں چیف انتخابی کمشنر گیانیش کمار انتخابی کمشنر ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو اور ڈاکٹر وویک جوشی کے ہمراہ شامل ہوں گے۔x

## CEC National Voters Day

اعلیٰ انتخابی کمشنر گیانیش کمار نے کہا ہے کہ شفاف اور درست ووٹر فہرستیں، جمہوریت کی بنیاد ہیں۔ اِسی مقصد کے تحت ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرثانی SIR شروع کی گئی تا کہ ہر اہل ووٹر کا نام فہرست میں شامل ہو اور ہر نا اہل ووٹر کے نام کو خارج کیا جاسکے۔ انہوں نے یہ بات، ووٹروں کے قومی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی ہے۔ جناب کمار نے بتایا کہ بہار میں یہ عمل کامیابی کے ساتھ مکمل ہوچکا ہے اور اِس وقت یہ 12ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں خوش اسلوبی سے جاری ہے۔

**S/B: Gyanesh Kumar Bihar**

ڈیجیٹل عہد کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے اعلیٰ چناؤ کمشنر نے کہا کہ کمیشن نے ECINet App کے ذریعے چناؤ سے متعلق تمام خدمات کو ایک ہی پلیٹ فارم پر دستیاب کرایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حال ہی میں منعقدہ جمہوریت اور چناؤ کے بندوبست سے متعلق بھارت کی بین الاقوامی کانفرنس IICDEM میں 70سے زیادہ ملکوں کے انتخابی بندوبست کے اداروں کے سربراہوں اور سینئر عہدیداروں کے ساتھ ساتھ کئی ممالک کے سفیروں نے بھی شرکت کی۔

**S/B: Gyanesh Kumar - IICDEM**

اعلیٰ چناؤ کمشنر نے نوجوان رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ لازمی طور پر ووٹ ڈالیں اور خود جمہوریت کے سفیر بنیں اور دوسروں کو بھی انتخابی عمل میں حصہ لینے کی ترغیب دیں۔ x

## Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔آج ہم اِس خصوصی سیریز کے تحت کرناٹک میں واقع خام تیل کو ذخیرہ کرنے کے کلیدی Padur پروجیکٹ کا جائزہ لیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ......

**VC Akshit**

دو اعشاریہ پانچ ملین میٹرک ٹن کی صلاحیت والا خام تیل کو ذخیرہ کرنے کا اہم Padur پروجیکٹ، بھارت

کے اہم پیٹرولیم ریزرو کے پہلے مرحلے کے پروگرام کا ایک اہم حصہ تھا۔ اس پروجیکٹ میں مختلف پیچیدگیوں کے سبب غیرمعینہ عرصے کیلئے اِس کے آغاز میں تاخیر کا خطرہ لاحق تھا۔ 22اپریل 2015 کو یہ معاملہ وزیر اعظم نریندر مودی کی زیر صدارت پرگتی کے تحت جائزے کیلئے زیر غور آیا۔ 23مارچ 2016 کو ایک مرتبہ پھر اس کا جائزہ لیا گیا۔ اِن جائزوں کے دوران پروجیکٹ کے نفاذ کا معائنہ کیا گیا اور حکومت کرناٹک کو، خاص طور سے یہ ہدایت دی گئی کہ وہ خام تیل کی پائپ لائن اور اُس سے متعلق بجلی کی ترسیل کی لائن کے استعمال کا حق فراہم کرے۔ اس کے نتیجے میں 31دسمبر 2018 کو اِس پروجیکٹ کا آغاز کیا گیا اور یہ پرگتی پر مبنی حکمرانی کی ایک بہترین مثال بن گیا ہے جو بروقت نتائج پر مبنی ہیں۔

نئی دلّی سے Akshit کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمد عمار

## Australian Open

ٹینس میں آسٹریلائی اوپن میں بھارت کے یوکی بھامبری اور سوئیڈن کے اُن کے ساتھی کھلاڑی Andre Goransson مردوں کے ڈبلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ دسویں پوزیشن کی بھارت—سوئیڈن کی جوڑی نے میکسیکو اور نیدرلینڈ کے کھلاڑیوں کی جوڑی کو ایک سخت مقابلے میں چار—چھ، سات—چھ، چھ—تین سے شکست دی۔x

## Cricket U-19 Wolrd Cup Result

مردوں کے انڈر— 19 کرکٹ عالمی کپ میں زمبابوے کے Bulawayo میں گروپ مرحلے کے اپنے تیسرے اور آخری میچ میں بھارت نے نیوزی لینڈ کو 7وکٹ سے ہرا دیا۔ بارش کے سبب میچ کو 37اوورس کا کردیا گیا تھا۔ بھارت نے DLS کے تحت دیئے گئے 130رن کے جیت کے نشانے کو محض 13اوور اور دو گیندوں میں حاصل کرلیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کی ٹیم 36اوور اور دو گیندوں میں 135رن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔ DLS طریقہ کار کے تحت بھارت کیلئے جیت کا نشانہ 130رن کردیا گیا تھا۔ اس سے قبل بھارت نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆